سوال

(594)چوپایوں کے ساتھ زنا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے بھینس کے ساتھ زنا کیا ہے آپ اس کے بارے میں بتائیں کہ اس کا کیا کیا جائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چوپایہ کے ساتھ بد فعلی کے مرتکب پر مناسب تعزیر قائم کرنی چاہیے تاکہ اسے عبرت ہو اور مفعول بہ جانور کو قتل کی صورت میں تلف کر دیا جائے تاکہ اس کی طرف عار منسوب نہ ہو اور اگر وہ جانور کسی غیر کا ہے تو فاعل پر اس کی قیمت کا تاوان ڈال دیا جائے ظلم کو روکنے کی یہ ایک صورت ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔(المغنی ابن قدامہ:12/351۔353)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص870

محدث فتویٰ